ہر گھر کی ضرورت

# عقیقہ

## کے

# فضائل و مسائل

حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی صاحب مدظلہم

مکتبۃ الاسلام کراچی

# عقیقہ

## کے

# فضائلِ و مسائِل

اس کتابچہ میں عقیقہ کے فضائل و مسائل مستند حوالوں کے ساتھ عام فہم انداز میں لکھے گئے ہیں تاکہ ہر عام و خاص فائدہ اٹھا سکے

**یہ کتابچہ ہر گھر کی ضرورت ہے**

حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی صاحب مدظلہم
مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی

مکتبۃ الاسلام کراچی

www.Sukkurvi.com

# حقوقِ طبع محفوظ ہیں


باہتمام : شاہد محمود

ناشر : مکتبۃ الاسلام کراچی

موبائل : 0300-8245793

ای میل : shahidflour68@gmail.com


ملنے کے پتہ


**مکتبۃ الایمان حیدرآباد**

مدرسہ تعلیم القرآن جامع مسجد فاطمہ

ہیرآباد، حیدرآباد۔

موبائل : 0321-3063503

ٹیلی فون : 022-3642602

ای میل :

maktabatuleman@gmail.com

**ادارۃ المعارف کراچی**

احاطہ جامعہ دارالعلوم کراچی

موبائل : 0300-2831960

ٹیلی فون : 021-35032020

021-35123161

ای میل : lmaarif@live.com



www.Sukkurvi.com

# عقیقہ

کے

# فضائلِ و مسائلِ

www.Sukkurvi.com

# فہرستِ عنوانات


| صفحہ نمبر | عنوانات |
|---|---|
| ۶ | پیش لفظ........................ |
| ۹ | ولادت کے بعد مستحب اعمال |
| ۹ | کان میں اذان واقامت کہنا............... |
| ۹ | تحنیك کرانا....................... |
| ۱۰ | ولادت کے ساتویں دن مستحب اعمال |
| ۱۰ | عقیقہ کرنا........................ |
| ۱۲ | دعاءِ عقیقہ........................ |
| ۱۴ | عقیقہ کے مسائل..................... |
| ۱۶ | سر کے بال منڈوانا.................... |
| ۱۶ | بالوں کے وزن کے برابر چاندی صدقہ کرنا. |


www.Sunkurvi.com

- ساتویں دن عقیقہ نہ کرسکنے کا حکم ........ ۱۷
- ختنہ کروانا ........ ۱۹
- بچہ کا نام رکھنا ........ ۲۰
- برا نام بدل دینا چاہیے ........ ۲۱
- لڑکوں اور لڑکیوں کے اچھے نام ۲۲


www.Sukkurvi.com

# پیشِ لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عزیزم مولوی حافظ حسین احمد سلمہٗ، کو منجانب اللہ دین کی باتوں کی اشاعت کی توفیق ملی ہوئی ہے، وہ دین کے مختلف موضوعات کے پوسٹر اور چھوٹے چھوٹے رسائل مرتب کرواکر شائع کرتے رہتے ہیں جس سے مسلمانوں کا فائدہ ہوتا ہے، کچھ دنوں پہلے انہوں نے بچہ/بچی کی ولادت کے موقعہ پر احقر سے سنے ہوئے، کچھ مستحب اعمال پوسٹر کی شکل میں لکھ کر بغرضِ اصلاح بھیجے، احقر نے ان پر غور کیا تو واقعی ان کی ضرورت تھی، اس لئے بندہ نے اس کو بنیاد بنا کر، احادیث وفقہ کی کتب کا مطالعہ کرکے یہ کتابچہ مرتب

www.Sukkurvi.com

کر دیا ہے جس کا نام ”عقیقہ کے فضائل ومسائل“ ہے، یہ رسالہ ہر گھر کی ضرورت ہے بالخصوص جس کے یہاں بچہ یا بچی کی ولادت ہو وہ ضرور اس کا مطالعہ کرے اور اس میں ذکر کردہ اعمال ومسائل پر عمل کرلے تا کہ خیر و برکت حاصل ہو۔

اللہ تعالیٰ اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائیں اور عام مسلمانوں کے لئے نافع اور مفید بنائیں اور عزیزم سلمہ، کے علم وعمل اور عمر میں برکت عطا فرمائیں اور کارہائے خیر کی مزید توفیق دیتے رہیں۔ آمین

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین الی یوم الدین.

بندہ عبدالرؤف سکھروی عفا اللہ عنہ

جامعہ دار العلوم کراچی

www.sukkury.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَ کَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیۡنَ اصۡطَفٰی۔ اَمَّا بَعۡد!

الحمد للہ تعالیٰ ہر مسلمان گھر میں عموماً بچے پیدا ہوتے رہتے ہیں، اور بچوں کی پیدائش پر کچھ اعمال ولادت کے وقت مستحب ہیں اور بعض اعمال ولادت کے ساتویں دن مستحب ہیں، اکثر مسلمان ان سے ناواقف ہیں، اس لئے اکثر اس موقعہ پر وہ دریافت کرتے رہتے ہیں اور جو دریافت نہیں کرتے، وہ ان پر عمل کرنے سے محروم رہتے ہیں، اس بناء پر ذیل میں انھیں لکھا جاتا ہے تاکہ بچہ/بچی کے پیدائش کے بعد اپنے اپنے وقت میں ان پر عمل کریں، اور ان کے فضائل وبرکات حاصل

www.Sukkurvi.com

کر سکیں، اللہ پاک توفیق دیں، آمین،

# ولادت کے بعد مستحب اعمال

## کان میں اذان واقامت کہنا

... جب بچہ پیدا ہو تو اس کو نہلا دھلا کر، اور کپڑے پہنا کر سب سے پہلے اس کے دائیں کان میں اذان کہہ دیں، اور بائیں کان میں اقامت یعنی تکبیر کہہ دیں۔ (۱)

## تحنیک کرانا

... اگر اس وقت کوئی بزرگ قریب ہوں، اور موقعہ ہو تو ان سے تحنیک کرائیں، کیونکہ یہ سنت

(۱) مشکوٰۃ شریف مع حاشیہ ص۳۵۹ ج۲



www.Sukkurvi.com

ہے، تحنیک یہ ہے کہ ان کی خدمت میں ایک دو کھجور پیش کریں اور وہ اپنے منہ میں اس کو چبا کر بچہ کے منہ میں ڈالدیں، (اور کچھ بچہ کے تالو میں لگائیں) اور بچہ کے لئے خیر و برکت کی دعا کریں۔[1]

❁ ... (آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر شہد پر دم کر کے) تھوڑا سا شہد بچہ کو چٹانا بھی جائز ہے۔ اس سے بھی تحنیک (کی سنت ادا) ہو جاتی ہے۔[2]

## ولادت کے ساتویں دن مستحب اعمال

### عقیقہ کرنا

❁ ... جب کسی کے لڑکا یا لڑکی پیدا ہو تو بہتر ہے

---

(۱) مشکوٰۃ ج۲ ص۳۶۲ و تکملۃ فتح الملہم ص۲۰۰ ج۴

(۲) تکملۃ فتح الملہم ص۲۰۰ ج۴

www.Sukkurvi.com

ساتویں دن اس کا عقیقہ کردیں، لڑکا ہوتو دو بکرے یا دو بکری یا دو نبے یا دو بھیڑ ذبح کردیں، اور لڑکی ہوتو ایک بکرا یا ایک بکری وغیرہ ذبح کردیں یا گائے میں لڑکے کے دو حصے اور لڑکی کا ایک حصہ لے لیں یا پوری گائے سے عقیقہ کرلیں سب جائز ہے۔

... اگر کسی کو زیادہ توفیق نہ ہو اور وہ لڑکے کی طرف سے ایک بکرا یا ایک بکری ذبح کردے تو بھی کچھ حرج نہیں (۱)، اور اگر کوئی بالکل ہی عقیقہ نہ کرے تو بھی کچھ حرج نہیں، کیونکہ عقیقہ کرنا مستحب ہے واجب نہیں۔ (۲)

... ولادت سے پہلے عقیقہ کرنا جائز نہیں اگر

---

(۱) تنقیح الحامدیہ ج۲ص۲۳۳

(۲) مشکوٰۃ ص۳۶۳ ج۲ و بہشتی زیور ج۳ ص۴۳

www.Sukkurvi.com

کوئی کرے گا تو وہ عقیقہ نہ ہوگا بلکہ یہ ذبیحہ گوشت کھانے لئے ہوگا۔ (۱)

## دعاءِ عقیقہ

... جب کسی لڑکے یا لڑکی کے عقیقہ کا جانور ذبح کیا جائے تو ذبح کرنے والا یہ دعا کرے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰھُمَّ لَکَ وَاِلَیْکَ عَقِیْقَۃُ فُلَانٍ۔

ترجمہ

اللہ تعالیٰ کے نام سے اور اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اے اللہ! یہ آپ کی رضا کے واسطے محض آپ کی بارگاہ میں فلاں کے عقیقہ کا جانور ذبح کرتا ہوں۔

اور یہ دعا کرے:۔

اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ عَقِیقَۃُ ابْنِی فَاِنَّ دَمَھَا بِدَمِہٖ

(۱) المجموع شرح التھذیب ج۹ص۲۴۵

www.Sukkurvi.com

وَلَحمَهَا بِلَحمِهٖ وَعَظمَهَا بِعَظمِهٖ وَجِلدَهَا بِجِلدِهٖ وَشَعرَهَا بِشَعرِهٖ اَللّٰهُمَّ اجعَلهَا فِدَاءً لِّابنِی مِنَ النَّارِ.[1]

ترجمہ

یا اللہ! یہ میرے بیٹے/ بیٹی کا عقیقہ ہے، لہٰذا اس کا خون اس کے خون کے بدلہ، اس کا گوشت اس کے گوشت کے بدلہ، اس کی ھڈیاں اس کی ھڈیوں کے بدلہ، اس کی کھال اسکی کھال کے بدلہ، اس کے بال، اس کے بالوں کے بدلہ میں ہے، یا اللہ! اس کو میرے بیٹے/ بیٹی کے بدلہ دوزخ سے آزادی کا بدلہ بنادے، آمین۔

... عقیقہ کرنے سے بچے کی سب آلا بَلا دور ہوجاتی ہے۔[2]

(۱) تنقیح الحامدیہ ج۲ص۲۳۳

(۲) بہشتی زیور ص۴۳ ج۳



www.Sukurvi.com

## عقیقہ کے مسائل

۞ ... جس جانور کی قربانی جائز ہے، اس میں عقیقہ کرنا بھی جائز ہے جیسے اونٹ، گائے، بھینس، بکرا وغیرہ اور اونٹ گائے میں عقیقہ کے سات حصے رکھ سکتے ہیں مثلاً کسی شخص کے تین لڑکے اور ایک لڑکی ہو، اور وہ ان سب کے عقیقہ میں ایک گائے یا ایک اونٹ ذبح کرنا چاہے تو کر سکتا ہے۔[1]

۞ ... گائے، بیل وغیرہ میں کچھ حصے قربانی کے اور کچھ حصے عقیقے کے رکھنا جائز ہے۔[2]

۞ ... جس جانور کی قربانی جائز نہیں جیسے ہرن،

(۱) ھندیہ ج۵ ص۳۰۴

(۲) ھندیہ ج۵ ص۳۰۴

www.Sukkurvi.com

نیل گائے وغیرہ، اُس سے عقیقہ بھی جائز نہیں، اور جس جانور کی قربانی جائز ہے جیسے گائے بیل اور بکرا وغیرہ، اس سے عقیقہ بھی درست ہے۔ (۱)

❁ ... عقیقہ کے گوشت کے تین حصے کرنا مستحب ہے، ایک حصہ صدقہ کریں، ایک حصہ پڑوسیوں اور رشتہ داروں کو دیدیں، اور ایک حصہ گھر میں رکھ لیں۔ (۲)

❁ ... عقیقہ کا گوشت سے دعوت کرنا بھی جائز ہے، نیز عقیقہ یا قربانی کا گوشت ولیمہ کی دعوت میں استعمال کرنا جائز ہے۔ (۳)

---

(۱) ھندیه ج۵ص۳۰۴

(۲) ھندیه ج۵ص۳۰۴

(۳) شامیة ج۶ص۳۲۶اور ماٰخذہ بہشتی زیور کا حاشیہ ج۳ص۴۳

www.Sukkurvi.com

## سر کے بال منڈوانا

... بچہ/بچی کی ولادت کے ساتویں دن سر کے بال منڈوادیں خواہ پہلے سر منڈوائیں، پھر عقیقہ کریں یا پہلے عقیقہ کریں، پھر سر کے بال منڈوائیں، دونوں طرح جائز ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ پہلے بچہ کے سر کے بال منڈوائیں، پھر عقیقہ کا جانور ذبح کریں۔(۱)

## بالوں کے وزن کے برابر چاندی صدقہ کرنا

... بچہ بچی کے سر کے بال منڈوانے کے بعد، بالوں کے وزن کے برابر سونا یا چاندی خیرات کردیں (چاندی سے اس کا اندازہ رقم میں تقریباً پانچ سو روپے سے ایک ہزار روپے تک ہے یہ رقم صدقہ کردیں)۔

(۱) حاشیہ بہشتی زیور ج ۳ ص ۴۳

www.Sukkur.com

اور بالوں کو کسی جگہ دفن کر دیں۔ [1]

... لڑکے اور لڑکی کا سر منڈوانے کے بعد، اگر زعفران میسر ہو تو تھوڑی سی زعفران پانی میں گھول کر روئی وغیرہ سے اس کے سر پر لگا دیں، اور اگر زعفران نہ ہو تو کچھ حرج نہیں، کیونکہ یہ عمل بہتر ہے، ضروری نہیں ہے۔ [2]

## ساتویں دن عقیقہ نہ کر سکنے کا حکم

... اگر کوئی ساتویں دن عقیقہ نہ کر سکے تو آئندہ جب کرے ساتویں دن کا خیال کرنا مستحب ہے، اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ جس دن لڑکا یا لڑکی پیدا ہو، اس

(۱) مشکوٰۃ ج۲ص۳۶۲

(۲) مشکوٰۃ ج۲ص۳۶۲

www.Sukkurvi.com

سے ایک دن پہلے عقیقہ کردیں۔ مثلاً اگر لڑکا جمعہ کے دن پیدا ہوا ہے تو جمعرات کو عقیقہ کردیں، اور اگر جمعرات کو بچہ پیدا ہوا ہے تو جمعرات کو عقیقہ کردیں، اور اگر جمعرات کو بچہ پیدا ہوا ہے تو بدھ کو عقیقہ کردیں، اس طرح جب بھی عقیقہ کیا جائے گا، وہ حساب سے ساتواں دن پڑے گا۔[1]

❁ ... اگر کوئی اس کا لحاظ کئے بغیر کسی بھی دن عقیقہ کردے یا بقرعید کے دن قربانی کے ساتھ عقیقہ کردے تو بھی جائز ہے۔[2]

❁ ... جس شخص کا پیدائش کے بعد عقیقہ نہ ہوا ہو تو

---

(۱) شرح المھذب ج۹ص۴۳۵

(۲) مأخذہٗ بہشتی زیور کا حاشیہ ج۳ص۴۳

www.Sukkurvi.com

بعد میں اس کو اپنا عقیقہ کرنا جائز ہے، چنانچہ ایک روایت میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے نبوت ملنے کے بعد اپنا عقیقہ فرمایا۔[1]

## ختنہ کروانا

❁ ... اگر لڑکا پیدا ہو تو ولادت کے ساتویں دن ختنہ کرانا مستحب ہے، کیونکہ ولادت کے ساتویں دن سے لڑکے کی بارہ سال عمر ہونے تک ختنہ کرانے کا مستحب وقت ہے، حضور ﷺ نے حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی ولادت کے ساتویں دن ختنہ کرائی تھی، اور حضرت ابراھیم علیہ السلام نے، حضرت اسحاق علیہ السلام کی ساتویں دن

(۱) شرح المهذب ج۹ص۴۲۵ و تنقیح الحامدیہ ج۲ص۲۳۳

www.Sukkurvi.com

ختنہ کروائی تھی اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی تیرہ سال کی عمر میں ختنہ کرائی تھی۔ (۱)

## بچہ کا نام رکھنا

✻ ... ساتویں دن لڑکے/لڑکی کا اچھا سا نام رکھدیں، نام رکھنے میں ساتویں دن سے زیادہ تاخیر نہ کریں، اور ایسا نام نہ رکھیں جس کے معنی برے ہوں یا اس میں بڑائی کا یا بزرگی کا مفہوم نکلتا ہو، جیسے عاصی یا عاصیہ جس کے معنی نافرمانی کرنے والا اور نافرمانی کرنے والی کے ہیں یا جیسے شہنشاہ، اور امیر الامراء، اس میں بڑائی پائی جاتی ہے یا جیسے برّہ نیکوکار اس میں

(۱) تکملة فتح الملهم ج۵ص۹

(۲) تکملة فتح الملهم ج۴ص۲۱۴

www.Sukkurvi.com

بزرگی پائی جاتی ہے وغیرہ۔ (۲)

... لڑکے/لڑکی کی ولادت کے دن نام رکھنا بھی جائز ہے۔ (۱)

... لڑکے یا لڑکی کا نام کسی نیک اور بزرگ سے رکھوانا مستحب ہے وہ اپنی پسند سے بچہ/بچی کا کوئی نام رکھدیں۔ (۲)

## بُرا نام بدل دینا چاہئے

... اگر کسی لڑکے یا لڑکی کے نام کے معنیٰ اچھے نہ ہوں، اُس کو بدل دینا چاہئے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی طریقہ تھا جیسے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا

---

(۱) تکملة فتح الملهم ج۴ ص۲۲۰

(۲) تکملة فتح الملهم ج۴ ص۲۲۰



www.sukkurvi.com

پہلا نام بَرّہ تھا جس کے معنیٰ نیکی اور بھلائی کے ہیں جس میں اپنی بزرگی کا پہلو نکلتا ہے لہٰذا آپ نے اس کو بدل کر زینب رکھ دیا، اسی طرح ایک شخص کا نام اَصْرَم تھا جس کے معنیٰ ہیں زیادہ کاٹنے اور کترنے والا یہ معنیٰ اچھے نہیں ہیں، اس لئے آپ نے سن کر فرمایا نہیں تم زُرَّاع ہو جس کے معنیٰ کھیتی کرنے والا ہیں۔(۱)

## لڑکوں اور لڑکیوں کے اچھے اچھے نام

آخر میں لڑکے اور لڑکی کے کچھ منتخب اور اچھے اچھے نام لکھے جاتے ہیں ان میں سے اگر کوئی نام پسند ہو وہ رکھ لیں!

(۱) بخاری وابو داؤد

www.Sukkurvi.com

## لڑکوں کے منتخب نام

| معنی | نام | نمبر شمار |
|---|---|---|
| آپ ﷺ کے چچاؓ کا نام | حَمْزَہ | ۱ |
| غزوۂ بدر میں شریک ہونے والے صحابی کا نام | حَاطِب | ۲ |
| صحابی کا نام | خُزَیْمَہ | ۳ |
| صحابی کا نام | مِسْطَع | ۴ |
| صحابی کا نام | عُرْوَہ | ۵ |
| صحابی کا نام | رَزِیْن | ۶ |
| صحابی کا نام | رَوَاحَہ | ۷ |

www.Sukkurvi.com

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | جَرِیْر | صحابی کا نام |
| ۹ | اَبْسَم | ہلکی مسکراہٹ والا |
| ۱۰ | اَرْحَمْ | بہت رحم کرنے والا |
| ۱۱ | اَجْزَل | بہت عطا کرنے والا |
| ۱۲ | شَامِخ | شریف، باعزت |
| ۱۳ | شُرَیْح | بھلائی قبول کرنے کے لئے جس کا سینہ کھلا ہو |
| ۱۴ | فَارِح | بہت خوش |
| ۱۵ | نَبِیْہ | انتہائی ذہین |
| ۱۶ | لَبِیْب | عقل مند، ذہین |

www.Sukkurvi.com

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷ | نافع | نفع دینے والا |
| ۱۸ | یَافُع | شریف، باعزت |
| ۱۹ | وَکِیْع | امام شافعیؒ کے استاد کا نام: مضبوط |
| ۲۰ | محمداحتشام | بزرگی شوکت |
| ۲۱ | محمد اَسْعَد | نیک بخت |
| ۲۲ | محمد اعظم | بہت بڑا |
| ۲۳ | محمد امجد | بزرگ، شریف |
| ۲۴ | محمد مُوْنِس | غمخوار |
| ۲۵ | محمد حارث | کسان کاشت کار |

www.Sukkurvi.com

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶ | محمد حَسّان | بہت اچھا، بہتر |
| ۲۷ | محمد حَمّاد | بہت تعریف کرنے والا |
| ۲۸ | محمد رافع | بلند کرنے والا |
| ۲۹ | محمد زَین | آراستگی خوبی |
| ۳۰ | محمد ضِیَاء | روشنی |
| ۳۱ | محمد رَزِین | عقلمند |
| ۳۲ | محمد غازی | کافروں سے لڑنے والا |
| ۳۳ | محمد فیضان | پانی کا جاری ہونا |
| ۳۴ | محمد کَاظِم | غصہ برداشت کرنے والا |
| ۳۵ | محمد مُحسن | مددگار بھلائی کرنے والا |

www.Sukkurvi.com

| | | |
|---|---|---|
| ۳۶ | محمدناظم | پرونے والا |
| ۳۷ | محمددانش | عقل وشعور |
| ۳۸ | محمد مَہدِی | ھدایت دیا ھوا |
| ۳۹ | محمدنجم | ستارہ |
| ۴۰ | محمدنیّر | روشن ستارہ |
| ۴۱ | محمد ولید | بچہ/کم سن لڑکا |
| ۴۲ | محمدعمّار | بنانے والا |
| ۴۳ | محمدمدنی | مدینہ والا |
| ۴۴ | محمد ھاشم | شان وشوکت والا/معزز |
| ۴۵ | محمد ہِشَام | سخی/فیاض |

www.Sukkurvi.com

## لڑکیوں کے منتخب نام

| نمبر شمار | نام | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | رَمْلَهُ | ام المؤمنین حضرت اُمِّ سلمہؓ کا اصلی نام |
| ۲ | خَنساء | صحابیہ کا نام |
| ۳ | رُفَیدَہ | صحابیہ کا نام |
| ۴ | هَالَه | حضرت خدیجہؓ کی بہن کا نام |
| ۵ | اَروَا | آپ ﷺ کی پھوپھی کا نام |
| ۶ | ضُبَاعَه | آپ ﷺ کے چچا کی بیٹی کا نام |
| ۷ | بَرصَا | صحابیہ کا نام |
| ۸ | جُمَانَه | صحابیہ کا نام |
| ۹ | فُرَیحَه | صحابیہ کا نام |

www.sukkurvi.com

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ | حَدِیقَہ | باغیچہ، چمن |
| ۱۱ | رَاعِیَہ | بہت الفت کرنے والی |
| ۱۲ | شَھلَہ | نہایت سیاہ آنکھوں والی |
| ۱۳ | طَالِعَہ | بلند نصیبہ والی |
| ۱۴ | قَرِینَہ | طرز، سلیقہ |
| ۱۵ | نَاعِمَہ | نرم، نازک |
| ۱۶ | شُرِیحَہ | صاف دل والی |
| ۱۷ | فَاطِنَہ | ذہین، سمجھدار |
| ۱۸ | لَبِیبَہ | عقلمند |
| ۱۹ | حَنَّہ | نرم مزاج والی |
| ۲۰ | سَیِّدَہ | سردار |
| ۲۱ | نَغُمَہ | اچھی آواز |
| ۲۲ | رَمُشَاء | خوبصورت |

www.Sukkurvi.com

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ | رَافِعَہ | بلند کرنے والی |
| ۲۴ | حسینہ | خوبصورت |
| ۲۵ | حَرِیمَہ | گھر کی چاردیواری |
| ۲۶ | فریدہ | تنہا بے نظیر |
| ۲۷ | فقیہ | دانا سمجھدار |
| ۲۸ | اُمُّ السَّحَر | صبح کی ماں |
| ۲۹ | حِنَا | مہندی |
| ۳۰ | رَمِیْزَہ | سمجھدار |
| ۳۱ | عَمَّارَہ | آباد کرنے والی |
| ۳۲ | بَشَّارَہ | خوشخبری دینے والی |
| ۳۳ | صَالِحَہ | نیک |
| ۳۴ | نِکْھَت | مہک خوشبو |
| ۳۵ | صَفِیَّہ | پاکدامن |

www.Sukkurvi.com

| | | |
|---|---|---|
| ۳۶ | طُوبیٰ | پاکیزہ |
| ۳۷ | عَازِمَہ | پکاارادہ کرنے والی |
| ۳۸ | عَفِیفَہ | پرہیزگار |
| ۳۹ | غزالَہ | ھرن |
| ۴۰ | فَاخِرَہ | معزز |
| ۴۱ | فَرزَانَہ | ہوشیار/عقلمند |
| ۴۲ | مُنِیرَہ | روشن کرنے والی |
| ۴۳ | نَاعِمَہ | نرم ونازک |

وَآخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ
وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

بندہ عبدالرؤف سکھروی عفا اللہ عنہ
جامعہ دارالعلوم کراچی
۱۲/۱۵/ ۱۴۳۰ھ

www.Sukkurvi.com













مکتبۃ الاسلام کراچی

www.Sukkurvi.com

# حفاظت کی دعائیں



حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی صاحب مدظلہم

مکتبۃ الاسلام کراچی

www.Sukkurvi.com